# Departure of Indian Air Force special flight carrying medical assistance to Wuhan, China

February 26, 2020

## ہندوستانی فضائیہ کی خصوصی پرواز چین کے شہر ووہان کے لئے طبی امداد لے کر روانہ

26 فروری، 2020

ہندوستانی فضائیہ کی ایک خصوصی پرواز ماسک، دستانے اور دیگر ہنگامی طبی سازوسامان پر مشتمل تقریبا 15 ٹن طبی امداد لے کر 26 فروری 2020 کو چین کے شہر ووہان کے لئے روانہ ہوئی۔

یہ امداد چین میں کورونا وائرس (کوویڈ 19) کے پھیلنے کے بعد اور چین کی طرف سے ماسک اور دوسری طبی سامان کی فراہمی کی درخواست کے بعد فراہم کی گئی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے 8 فروری 2020 کو صدر شی جنپنگ کو ہندوستانی عوام اور ہندوستانی حکومت کی جانب سے چینی عوام اور حکومت چین کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے خط لکھا تھا، اور ضرورت کے اس گھڑی میں بطور تحفہ چین کو امداد کی پیش کش بھی کی تھی۔ یہ میڈیکل سپلائی چین کے اس انفیکشن کے پھیلنے پر قابو پانے کی کوششوں کو مضبوط بنانے میں مدد کرے گی جس کے بارے میں عالمی ادارہ صحت نے پبلک ہیلتھ ایمرجنسی کا اعلان کیا ہے۔

آج جو بھی امداد بھیجی جارہی ہے وہ چینی عوام کے ساتھ ہندوستانی عوام کی دوستی اور یکجہتی کا ایک مظہر بھی ہے، کیونکہ دونوں ممالک رواں سال سفارتی تعلقات کے قیام کی 70 ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔

ہندوستانی فضائیہ کی پرواز ہمارے کچھ ہمسایہ ممالک کے کچھ ہندوستانی اور غیر ملکی شہریوں کو بھی واپس لائے گی جنھوں نے وزیر اعظم مودی کے "پڑوسی پہلے" پالیسی کو سامنے رکھتے ہوئے ہندوستان آنے میں مدد مانگی تھی۔

**نئی دہلی**

**26 فروری، 2020**

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.